F. 6-4 (Edit) /2018 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mn Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 23/01/2018

قانونی اصطلاحات کی آسان تفہیم وتعبیر کی ضرورت: پروفیسر ارتضیٰ کریم

قومی اردو کونسل کے صدر دفتر میں لیگل پینل کی میٹنگ کا انعقاد

نئی دہلی: قانونی دستاویزات کی اہمیت ہمیشہ رہتی ہے اس کی اہمیت اور معنویت سے انکار ممکن نہیں۔ ہماری عدالتوں کی زبان فارسی اور اردو پر مشتمل ہے۔ اس حوالے سے جو اصطلاحات عدالتوں اور محکمۂ پولیس میں مستعمل ہیں، عہد حاضر کے متعلقہ افسران کو اس کو سمجھنے میں دقتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کونسل ان پریشانیوں کے حل کے لیے سہ روزہ ریفریشر کورس کا انعقاد صدر دفتر دہلی کے علاوہ مختلف ریاستوں میں کرنے جا رہی ہے۔ جس میں حکومت ہند کے مختلف شعبہ جات مثلاً محکمۂ پولیس، تفتیشی ایجنسیاں، سی بی آئی، این آئی اے، آئی بی کے علاوہ محکمۂ مالیات اور عدلیہ سے متعلق حضرات کو مدعو کرے گی۔ اور ایسے ماہرین قانون سے خدمات لے گی جو نہ صرف اردو، ہندی اور انگریزی زبانوں پر عبور رکھتے ہوں بلکہ عدلیہ کے طریقۂ کار سے بھی واقف ہوں۔ یہ باتیں کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم نے صدر دفتر میں منعقدہ لیگل پینل کی میٹنگ میں کہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ اس سے نہ صرف ان اداروں کے افسران کو افہام وتفہیم میں آسانی ہوگی بلکہ اردو داں طبقہ کو بھی اس سے فائدہ پہنچے گا۔ اس میٹنگ کی صدارت معروف ماہر قانون پروفیسر طاہر محمود نے کی۔ انھوں نے ڈاکٹر ظفر محفوظ نعمانی کی کتاب 'بین الاقوامی قانون' کی عنقریب اشاعت پر خوشی کا اظہار کیا اور کونسل کے ڈائرکٹر کی کاوشوں کی ستائش کی۔

اس موقع پر جناب احتشام عابدی نے ایک تجویز پیش کی کہ کونسل ٹیکس اور جی ایس ٹی سے متعلق عام فہم زبان میں ایسی کتاب لائے جس سے سماج کے ایک بڑے طبقے کو فائدہ پہنچ سکے۔ قانونی سمجھ نہ ہونے کے سبب مالی نقصان اور وقت کی بربادی ہوتی ہے۔ تمام ممبران نے اس تجویز کو منظوری دی۔

میٹنگ میں پروفیسر طاہر محمود، پروفیسر خواجہ عبدالمنتقم، جناب احتشام عابدی، ڈاکٹر افضل قادری، ڈاکٹر محمد ظفر محفوظ نعمانی کے علاوہ کونسل کے پرنسپل پبلی کیشن آفیسر ڈاکٹر شمس اقبال، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر ڈاکٹر محمد فیروز عالم، ریسرچ اسسٹنٹ محترمہ ذیشان فاطمہ اور ڈاکٹر شاہد اختر نے بھی شرکت کی۔

(رابطہ عامہ سیل)